# प्रश्न–पत्र की योजना 2023–24

कक्षा – **12th**
विषय – उर्दू साहित्य (22)
अवधि – 3 घण्टे 15 मिनट — पूर्णांक – 80

1. उद्देश्य हेतु अंकभार –

| क्र.सं. | उद्देश्य | अंकभार | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1. | ज्ञान | 27 | 33.75 |
| 2. | अवबोध | 26 | 32.50 |
| 3. | ज्ञानोपयोग / अभिव्यक्ति | 17 | 21.25 |
| 4. | कौशल / मौलिकता | 10 | 12.50 |
| | योग | 80 | 100 |

2. प्रश्नों के प्रकारवार अंकभार –

| क्र. सं. | प्रश्नों का प्रकार | प्रश्नों की संख्या | अंक प्रति प्रश्न | कुल अंक | प्रतिशत (अंको का) | प्रतिशत (प्रश्नों का) | संभावित समय |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | वस्तुनिष्ठ | 15 | 1 | 15 | 18.75 | 29.41 | 22 |
| 2. | रिक्त स्थान | 7 | 1 | 7 | 8.75 | 13.73 | 10 |
| 3. | अतिलघुत्तरात्मक | 10 | 1 | 10 | 12.50 | 19.61 | 15 |
| 4. | लघुत्तरात्मक | 12 | 2 | 24 | 30.00 | 23.53 | 48 |
| 5. | दीर्घउत्तरीय | 4 | 3 | 12 | 15.00 | 7.84 | 48 |
| 6. | निबंधात्मक | 3 | 4 | 12 | 15.00 | 5.88 | 52 |
| | **योग** | **51** | | **80** | **100** | **100** | **195 मिनट** |

विकल्प योजना : खण्ड 'स' एवं 'द' में हैं

3. विषय वस्तु का अंकभार –

| क्र.सं. | विषय वस्तु | अंकभर | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1 | निसाबी किताब – गुलिस्तान–ए–अदब (हिस्सा–ए–नस्र) | 30 | 37.50 |
| 2 | निसाबी किताब – गुलिस्तान–ए–अदब (हिस्सा–ए–नज़्म) | 30 | 37.50 |
| 3 | निसाबी किताब – खयाबान–ए–उर्दू | 10 | 12.50 |
| 4 | उर्दू की अहम असनाफ | 06 | 7.50 |
| 5 | तहरीरी महारत – मजमून निगारी | 04 | 5.00 |
| | | | |
| | **योग** | 80 | **100** |

Downloaded from cclchapter.com

# प्रश्न–पत्र ब्ल्यू प्रिन्ट

कक्षा –12th                                   विषय :– उर्दू साहित्य (22)                                   पूर्णांक – 80

| क्र.सं. | उद्देश्य इकाई / उप इकाई | ज्ञान | | | | | | अवबोध | | | | | | ज्ञानोपयोग / अभिव्यक्ति | | | | | | कौशल / मौलिकता | | | | | | योग |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | वस्तुनिष्ठ | रिक्त स्थान | अतिलघुत्तरात्मक | लघुत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | वस्तुनिष्ठ | रिक्त स्थान | अतिलघुत्तरात्मक | लघुत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | वस्तुनिष्ठ | रिक्त स्थान | अतिलघुत्तरात्मक | लघुत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | वस्तुनिष्ठ | रिक्त स्थान | अतिलघुत्तरात्मक | लघुत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | |
| 1 | निसाबी किताब – गुलिस्तान–ए–अदब (हिस्सा–ए–नस्र) | 2(2) | 2(2) | 2(2) | 4(2) | | 2(1) | 2(2) | 1(1) | 1(1) | 4(2) | | 2(-) | 2(2) | | | | 3(1) | | | | | | 3(1) | | 30(19) |
| 2 | निसाबी किताब – गुलिस्तान–ए–अदब (हिस्सा–ए–नज़्म) | 2(2) | 2(2) | 1(1) | | | 2(1) | 1(1) | 1(1) | 2(2) | 4(2) | | 2(-) | 3(3) | | | 4(2) | 3(1) | | | | | | 3(1) | | 30(19) |
| 3 | निसाबी किताब – खयाबान–ए–उर्दू | 1(1) | | 2(2) | 4(2) | | | | 1(1) | | 4(2) | | | 2(2) | | | | | | | | | | | | 10(8) |
| 4 | उर्दू की अहम असनाफ | | | 1(1) | | | | | | 1(1) | | | | | | | | | | | | | | | | 6(4) |
| 5 | तहरीरी महारत – मजमून निगारी | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | 4(1) | 4(1) |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | योग | 5(5) | 4(4) | 6(6) | 8(4) | | 4(2) | 3(3) | 3(3) | 4(4) | 12(6) | | 4(-) | 7(7) | | | 4(2) | 6(2) | | | | | | 6(2) | 4(1) | 80(51) |
| | | | | **27** | **(21)** | | | | | **26** | **(16)** | | | | | **17** | **(11)** | | | | | **10** | **(03)** | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |

विकल्पों की योजना :– खण्ड 'स' एवं 'द' में प्रत्येक में एक आंतरिक विकल्प है   नोटः– कोष्ठक के बाहर की संख्या 'अंकों' की तथा अंदर की संख्या 'प्रश्नों' के द्योतक है।

हस्ताक्षर

# SENIOR SECONDARY EXAMINATION-2024

## MODEL PAPER-2024

## URDU SAHITYA

## اُردو ادب

Time : 3:15 Hours Max. Marks : 80

طلبہ کے لیے ہدایات:-

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوش خط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

## حصّہ (الف) (SECTION-A)

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے دیے گئے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب کو اپنی کاپی میں لکھیے: (1)

(i) مراسلے کو مکالمہ کس نے بنا دیا؟

(A) مرزا غالبؔ نے (B) ابوالکلام آزاد نے

(C) مہدی افادی نے (D) رشید احمد صدیقی نے

(ii) سبق "سکون کی نیند" کے مطابق صبح سو کر اٹھنے پر ملک کے لوگوں کو تکیے کے نیچے کتنے روپے ملتے تھے؟ (1)

(A) ایک لاکھ (B) دو لاکھ

(C) تین لاکھ (D) چار لاکھ

(iii) سبق "روشنائی" کے مطابق ترقی پسند مصنفین کی کانفرنس کس شہر میں منعقد ہوئی تھی؟ (1)

(A) جالندھر (B) پٹیالا

(C) امرتسر (D) انبالہ

(iv) ملک راج آنند کی پیش کردہ تجویز کی مخالفت کس نے کی؟ (1)

(A) سردارؔ جعفری (B) کرشن چندر

(C) فراقؔ گورکھپوری (D) ڈاکٹر عبدالعلیم

(v) خواجہ حسن نظامی نے بھنبھناتا ہوا ننّھا سا پرندہ کہا ہے: (1)

(A) مچھر کو (B) تتلی کو

(C) چڑیا کو (D) کبوتر کو

(vi) کنھیا لال کپور کا کون سا سبق آپ کے نصاب میں شامل ہے؟ (1)

(A) کلیم الدین احمد (B) اِس آباد خرابے میں

(C) زرد پتّوں کی بہار (D) غالبؔ جدید شعرا کی ایک مجلس میں

(vii) کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرزِ بیاں سے ہم میں 'طرز' کے کیا معنی ہیں؟ (1)

(A) بولی (B) انداز

(C) دور (D) زبان

(viii) آرزوؔ لکھنوی کا پورا نام کیا ہے؟ (1)

(A) سید محمد علی
(B) سید احمد علی
(C) سید منور حسین
(D) سید انور حسین

(ix) ابتدائی دور میں کس شاعر کا تخلص ملال تھا؟ (1)

(A) الطاف حسین حالیؔ
(B) آرزوؔ لکھنوی
(C) معین احسن جذبیؔ
(D) جاں نثار اخترؔ

(x) "پہلی بارش" کس شاعر کی غزلوں کا مجموعہ ہے؟ (1)

(A) ناصرؔ کاظمی
(B) منچندا بانیؔ
(C) جاں نثار اخترؔ
(D) معین احسن جذبیؔ

(xi) نظم طباطبائی کب پیدا ہوئے؟ (1)

(A) 1852ء میں
(B) 1853ء میں
(C) 1854ء میں
(D) 1855ء میں

(xii) نظم "روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے" اقبالؔ کے کس شعری مجموعے میں سے لی گئی ہے؟ (1)

(A) ضربِ کلیم
(B) بانگِ درا
(C) بالِ جبریل
(D) ارمغانِ حجاز

(xiii) کلرک چیرویا کوف نے چھینک دیا: (1)

(A) لین شو پر
(B) بری ژالوف پر
(C) فو آنتے پر
(D) چے خف پر

(xiv) کہانی "جنم دن" میں مصنف کے پڑوسی کا نام تھا: (1)

(A) میتھیو
(B) ایڈوڈ
(C) روبرٹ
(D) ولیم

(xv) کہانی "جلتی جھاڑی" کے مصنف کا نام ہے: (1)

(A) ویکوم محمد بشیر
(B) پریم چند
(C) نرمل ورما
(D) آغا حشر

2. مندرجہ ذیل خالی جگہوں میں صحیح جواب بھر کر جملہ پورا کیجیے:-

(i) "ہندوستان ہمارا" ---------- کا افسانوی مجموعہ ہے۔ (1)

(ii) کسان کانفرنس---------- باغ میں تھی، جہاں پر ہزاروں پنجابی کسان اکٹھے ہوئے تھے۔ (1)

(iii) کرشن چندر---------- میں پیدا ہوئے۔ (1)

(iv) شام آئی ہے تو آئے کہ---------- بھی ہوگی (1)

(v) ہے یہی رسم تو یہ---------- اُٹھا دی جائے (1)

(vi) محمد اقبالؔ پنجاب کے ایک مشہور شہر---------- میں پیدا ہوئے۔ (1)

(vii) ندی کے کنارے گندلے---------- میں دور تک ڈوبا ہوا۔ (1)

3. مندرجہ ذیل مختصر ترین سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:-

(i) گم نام پہاڑی کے گیسٹ ہاؤس میں بہت کم سیّاح کیوں آتے تھے؟ (1)

(ii) سبق "زرد پتّوں کی بہار" کے مصنف کون ہیں؟ (1)

(iii) آپ کے نصاب میں شامل خاکہ کے مطابق کلیم الدین احمد کہاں کے رہنے والے تھے؟ (1)

(iv) گل رنگ دریچوں سے کیا مراد ہے؟ (1)

(v) یہ شب یہ خیال و خواب تیرے
کیا پھول کھلے ہیں، منھ اندھیرے

مندرجہ بالا شعر کس شاعر کا ہے؟ (1)

(vi) نظم "گورِ غریباں" کس زبان کا اُردو ترجمہ ہے؟ (1)

(vii) سبق "کلرک کی موت" میں کلرک کا نام کیا ہے؟ (1)

(viii) "جنم دن" کس زبان کی کہانی کا اُردو ترجمہ ہے؟ (1)

(ix) "سکون کی نیند" کس نثری صنف سے متعلق ہے؟ (1)

(x) نظم کے لغوی معنی کیا ہیں؟ (1)

## حصّہ (ب) (SECTION-B)

نوٹ:- مندرجہ ذیل مختصر سوالات کے جوابات تقریباً 50 الفاظ میں لکھیے:-

4. رام لعل پاکستان کیوں جانا چاہتے تھے؟ (2)

5. خوجی کا حلیہ بیان کیجیے۔ (2)

6. "غالبؔ جدید شعرا کی ایک مجلس میں" میں غالبؔ نے پہلا شعر کون سا سنایا؟ (2)

7. پیروڈی کے فن پر کلیم الدین احمد کے خیالات لکھیے۔ (2)

8. جذبیؔ کے مطابق دردمندوں کی راہ گزر کون سی ہے؟ (2)

9. راستے میں ڈیرے جما لینے سے شاعر کا کیا مطلب ہے؟ (2)

10. جمیلؔ مظہری نے انسان کی ترقی کے سلسلے میں کن رکاوٹوں کا ذکر کیا ہے؟ (2)

11. 'جو ابھی نہیں آئی اس گھڑی سے ڈرتے ہو' شاعر نے یہ کیوں کہا ہے؟ (2)

12. ویکوم محمد بشیر نے اپنے افسانے کا عنوان "جنم دن" کیوں رکھا ہے؟ (2)

13. نرمل ورما نے اپنی کہانی میں بوڑھے مچھوارے کی تصویر کشی کس انداز میں کی ہے؟ (2)

14. مکتوب نگاری کسے کہتے ہیں؟ (2)

15. مقطع کسے کہتے ہیں؟ (2)

## حصہ (ج) (SECTION-C)

نوٹ:- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تقریباً 120 الفاظ میں لکھیے:

16. مندرجہ ذیل اقتباس کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: (3)

تو شروع کرتا ہوں نام لے کر اس خدا کا، جس نے یہ دنیا بنائی۔ اُسی خدا کی خدائی میں ایک ملک تھا کہ نام تھا جس کا ملکِ ہوا، کیونکہ وہاں کے باسی ہواؤں سے ہی اپنی ضرورت پوری کیا کرتے تھے۔ اُس ملکِ ہوا کا بادشاہ جب مرنے لگا تو اپنے جوان بیٹے کو یہ وصیت کی کہ بیٹا اپنے محل کے سارے کمرے کھولنا مگر وہ تالا کبھی نہ کھولنا جو ایک سرنگ کے دروازے پر لگا ہے، کیونکہ اس سرنگ میں آگ، پانی، مٹی اور ہوا ایک ساتھ قید ہیں اور یہ ایک ایسا عجوبہ ہے جو ملکِ ہوا کے باشندوں کی عقل وفہم سے باہر ہے۔

یا

اب پوچھو کہ تو کیوں کہ مسکنِ قدیم میں بیٹھا رہا۔ صاحب بندہ! میں حکیم محمد حسن خاں مرحوم کے مکان میں نو دس برس سے کرایے پر رہتا ہوں اور یہاں قریب کیا بلکہ دیوار بہ دیوار ہیں گھر حکیموں کے اور وہ نوکر ہیں راجہ نرندر سنگھ بہادر والیِ پٹیالا کے۔ راجا نے صاحبانِ عالی شان سے عہد لے لیا تھا کہ بروقتِ غارتِ دہلی، یہ لوگ بچ رہیں۔ چنانچہ بعدِ فتح، راجا کے سپاہی یہاں آ بیٹھے اور یہ کوچہ محفوظ رہا ورنہ میں اور یہ شہر کہاں؟ مبالغہ نہ جاننا، امیر، غریب سب نکل گئے۔ جو رہ گئے تھے، وہ نکالے گئے۔

17. سبق "لمحے" کا خلاصہ لکھیے۔ (3)

یا

سبق "اس آباد خرابے میں" کا خلاصہ لکھیے۔

18. مندرجہ ذیل بند کی مع سیاق وسباق تشریح کیجیے: (3)

کھول آنکھ ،زمیں دیکھ ،فلک دیکھ،فضا دیکھ
مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ
اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ
ایّامِ جدائی کے ستم دیکھ، جفا دیکھ
بے تاب نہ ہو،معرکۂ بیم و رجا دیکھ

یا

مندرجہ ذیل غزل کے اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے:

(i) اوّل شب وہ بزم کی رونق،شمع بھی تھی پروانہ بھی — رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی
(ii) ہم کو گزری ہوئی صدیاں تو نہ پہچانیں گی — آنے والے کسی لمحے کو صدا دی جائے

19. نظم " گورِغریباں" کا خلاصہ لکھیے۔ (3)

یا

نظم "ارتقا" کا خلاصہ لکھیے۔

## حصّہ(د) (SECTION-D)

نوٹ:- مندرجہ ذیل تفصیلی سوالات کے جوابات تقریباً 250 الفاظ میں لکھیے:

20. قرۃ العین حیدر کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔ (4)

یا

خواجہ حسن نظامی کی سوانح حیات اور طرزِ تحریر پر روشنی ڈالیے۔

21. الطاف حسین حالؔی کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔ (4)

یا

ن۔م۔راشدؔ کی سوانح حیات اور خصوصیاتِ کلام پر روشنی ڈالیے۔

22. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (4)

(i) آن لائن تعلیم

(ii) میرا پسندیدہ مصنف

(iii) صفائی کی ضرورت اور اہمیت

----------